یقین کرو یا نہیں - ابھی اکھاڑے میں چھلانگ لگا کر پہنچا ہی تھا کہ بغیر جھکے ہی مولانا نے اس زور سے مجھے دھوبی پٹکا دے کر میرے کان تڑخ گئے - ایڈیٹر بھائی! کان کھڑے نہ کرنا - کان میرے ٹوٹے ضرور ہیں - مگر سماعت میں میری کوئی فرق نہیں پڑا ہے - برائی کرو گے تو سن لوں گے - لکھ کر سند رہے! ہاں! پھر نہ کہنا کہ پہلے آگاہ کیوں نہ کیا تھا - اس مار کھانے کے بعد میں بڑا کھسیانا ہوا - تین چار ماہ میں نے خوب کرواتیل بدن پر ملا - ملائی بادام کھائے - استادوں کی ہر بات کو قرآن سمجھا - ایک دن پھر میرا اور مولانا کا بیٹے اکھاڑے میں مقابلہ ہوا - مار میں نے بھی ایسا ہاتھ کر دھرام کر کے مولانا منہ کے بل اکھاڑے کی مٹی میں دھنس گئے - اس دن سے پھر کے دانت نکالنے رہتے ہیں - جواب شاداب داڑھی اور اس عمر میں برے نہیں لگتے! اس طرح سے مولانا سے پرانے اور گہرے تعلقات ہیں -

محلے کے چند بانکوں کو جمع کر کے پہلے تو ہم نے باکمال گنوں کی بلیک کا کاروبار سنبھالا مگر وہ بچوں کا کھیل تھا - جلد طبیعت گھبرا گئی - مولانا کے اشارے سے یونینوں کی لیڈری کا کام سنبھالا - اس کی وجہ سے اخبارات اور رسالوں کے ناکروں کی ایجنسی کھول دی - اس کا ایسا لیا سمجھو کہ جس ایڈیٹر نے ہمیں میں کی اس کا اخبار یا رسالہ ایک تو لے - اخبار اور رسالے کا پاکستان میں اصل مالک ناکروں کی ایجنسی کا مالک ہوتا ہے - اس ایجنسی کے علاوہ کچھ اور ایجنسیاں بھی لے رکھی تھیں - نام کے لئے اور ان کی آڑ میں کچھ ایسے کام ہوتے تھے کہ جنکی مدد سے صوبائی اور وفاقی وزارتوں سے "تعلقات" پیدا ہو گئے۔

سوچتے ہو گے بادشاہو! اس سب سے اخبار کی نامہ نگاروں کا کیا تعلق؟ بازوؤں کی قوت کا کیا تعلق؟ (اس خط کا لکھنے والا کردار چونکہ جاہل ہے - اس لئے اسکو تعلق لکھنا آتا ہی نہیں) بڑے بھائی! وہ دن گئے جب نامہ نگار پڑھے لکھے ہوا کرتے تھے - اب ذرا انگریزی کے "ٹائم میگزین" کے نامہ نگاروں کی ریسرچ والی رپورٹ دیکھو "بنکاک ایئر پورٹ سے ہوٹل جاتے ہوئے میں نے ٹیکسی ڈرائیور سے پوچھا..."

..... "اب تو ٹیکسی والا اعلیٰ سیاست کو بھی جانتے مگر ٹائم میگزین کے اکثر نامہ نگاروں کی رپورٹیں بس اسی قسم کی ہوتی ہیں - پھر اخبار چلانے کے لئے تمہیں نہ بلی چوڑی رپورٹیں چاہئیں اور نہ ادبی مضامین - اسی شہر میں ہمارا ایک لنگوٹیا دوست ایک ہفت روزہ کا ایڈیٹر ہے - لکھنا لکھانا اس کے لئے کچھ نہیں ہے کہ آتا ہی نہیں اور جب کبھی کچھ لکھتا ہے تو معیاری چیزیں لکھتا ہے کہ جیسے ماؤں بہنوں کے سامنے پڑھا نہیں جا سکتا - حکومت سے تعلقات اچھے رکھنا کامیابی کا راز ہے - آج کل اس لئے اس دوست کو خوب اشتہارات ملتے ہیں - حکومت کے افسران اور حکمرانوں کی تصویریں چھاپ دیتا ہے - اب اگر تم کہو گے کہ اس اخبار کو اخبار کہا ہی نہیں جا سکتا جسکو کوئی پڑھے نا تو یہ بھی! ہاں تو یہی غلطی - کوئی پڑھے یا نہ پڑھے - اخبار چل رہا ہے - اور جب تک چل رہا ہے دیسی بڑے چھوٹے اور شیر مال کی کمی نہیں - یعنی رکھو گے تو ہم کہا دیتے ہیں کہ تمہیں حکومت کے اشتہار ملنے لگیں گے - اسلام آباد سے کوئی اونچی جڑ یا

اونچی تو نہیں ... کام دعوت نامے تو لکھیں گے ان دعوتوں میں شرکت کیلئے تمہیں پراٹھوں کا نذرانہ کرنا پڑے گا - (بابا ٹکر مذکر) چندہ یہ کام تو لی جانتا ہے - اس کا ہمیں کو تجربہ پاکستان میں ہو گیا تھا - پولیس سے ہم نے کتنے غریبوں کے کام بنوائے ہیں - بھئی! دیکھو نا! دل میں غریب کا درد ہونا بڑی بات ہوتی ہے - اب ذرا وزیروں کی مشکلات پر بھی غور کرو - دن بھر وزارت کی خاطر بھانت بھانت کے بزنس مینوں کی دعوت کھانے کے چکر میں دوڑنا دھوپنا - دفتر میں کبھی جا کر سستانے کا موقع ملا تو وزیر اعلیٰ نے دماغ چاٹنا شروع کر دیا کہ واٹر پارک بنوانے کیلئے یورپ سے ڈیزائنر بلوایا ہے کہ فلاں فلاں ... دار امریکہ جا رہا ہے - ان کے سفر اور قیام کا مکمل انتظام کراؤ - ان سے جب جان چھٹی تو جنرل جھنگا خان کا فون آ گیا کہ جنرل کا کارک نکالنے کی مشین کے جاپان سے منگوانے کا لائسنس بیوی کے بھائی کے بیٹے کو دلوا دو - ابھی ان کے کرخت لہجے کی جھنکار سے کان بھرا ہی رہے تھے کہ فون بجتا ہے - "فضل پول ... ہوں - جسکو بھیجا تھا تمہارے پاس نوکری لگوا دی اسکی؟" اب بتاؤ! وزیر ہوا یا سبیل کا گھڑا کہ جو ایرا غیرا نتھو خیرا گذرے انہوں نے انگلیوں سمیت گلاس کو پانی میں ڈبو دیدی! اب خدا خدا کر کے شام ہوئی تو بابا ٹک کی سبیلیں اور مسجدیں کاروں میں لگانے کی فیکٹری کا افتتاح کرنے کے لئے بزرگ جی نے بلا رکھا ہے - مولانا احتشام الحق تھانوی کے بارہ عمر بی پاور پھیپھڑوں سے تلاوت کلام پاک سے تقریب کا افتتاح ہوا - سوڈے کے پانی سے زنگی ہینچی - مغربی انداز میں فیتہ کاٹا اور اس کے بعد کسی نہ کسی طرح ہاتھ ملانے والوں سے جان چھڑائی - گھر آئے - تھکے ماندے - اب ایسے میں بتاؤ اگر اس بے چارے وزیر کو بوتل سے کچھ تھوڑا سکون مل سکتا ہے تو کیا برا - اور بس! یہی وقت ہوتا ہے جس میں ہمارے جیسے تجربہ کار غریبوں کی سفارش پیش کرتے ہیں - بھیا! اگر تمہارے اخبار کے کینیڈا میں کئی ایڈیشن دو سال کے اندر اندر نہ نکلوا دئے تو لات مار کر بھگا دینا ہمیں - اف کر دیں ہم تو استاد کا نام بدلوا دینا! تو پیارے لعل! فون کرو بندے کو - ملاقات ہو - زبانی ہم کچھ اور دور کی باتیں بتا سکیں گے - جن کو ہم لکھنا مناسب نہیں سمجھتے - اپن نے تو صاف کھری بات لکھ دی ہے - آگے تمہاری مرضی! اچھا تو پھر ملیں گے!

الخم

چوہدری نگو دم الہی

مقامی شعراء سے درخواست

ادارہ کریسنٹ کی جانب سے شمالی امریکہ میں مقیم شعراء کا منتخب اردو کلام کتابی شکل میں پیش کیا جا رہا ہے - اس سلسلہ میں مقامی شعراء کرام سے درخواست ہے کہ اپنی منتخب غزلوں اور نظموں کے انتخاب بھیجیں - (ادارہ)

محفل شعر و سخن

مومن

تم نے ...

...

میں کوچۂ رقیب میں بھی سر کے بل گیا

مانگا کریں گے اب سے دعا ہجر یار کی	آخر تو دشمنی ہے اثر کو دعا کے ساتھ
میرے تغیر رنگ کو مت دیکھ	تجھ کو اپنی نظر نہ ہو جائے
لو کہاں جانے کی ہے مجھ اپنا ٹھکانا کر لے	ہم تو کل خواب عدم میں شب ہجراں ہوں گے

مومن خاں نام مومن تخلص سنہ ۱۲۱۵ھ میں دہلی میں پیدا ہوئے والد کا نام حکیم غلام نبی تھا دادا حکیم نامدار خاں شاہ عالم کے عہد میں کشمیر سے دہلی آئے اور شاہی طبیبوں میں شامل تھے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے مومن نام رکھا ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی اس کے بعد شاہ عبدالقادر دہلوی سے تعلیم حاصل کی شاہ ولی اللہ کا خاندان مدتوں دلی میں اپنے علم و فضل کے لئے مشہور رہا ہے اور اس خاندان سے مومن جیسے خوش نصیب تھے کہ انہیں ایسے گھرانے میں تحصیل علم کا موقع ملا۔ والد اور چچا سے فن طب کی تکمیل کی۔ نجوم میں مہارت تامہ رکھتے تھے شعر و شاعری سے خاص لگاؤ تھا ابتدا میں شاہ نصیر سے اصلاح لی مومن کو طبابت ورثہ میں ملی۔ بچپن طبیعت نے اختر شناسی سے روشناس کیا۔ مزاج کی رنگین افتاد نے عاشق مزاج بنایا اور حسن و عشق کی گود میں پلی ہوئی زندگی نے اُن کی شاعری کو رنگین تغزل سے سرفراز کیا تصنیفات میں کلیات اُردو دیوان فارسی، انشائے فارسی اُن سے یادگار ہیں۔ سنہ ۱۲۶۸ھ میں دہلی میں انتقال کیا -

مومن کا شمار اُردو کے اچھے غزل گو شعراء میں ہوتا ہے۔ واقعات حسن و عشق کو دلفریب بندشوں اور نرالی ترکیبوں سے ادا کرتے ہیں اُن کا کلام نازک خیالی اور بلند پروازی کا آئینہ دار ہے اکثر مواقع پر مضمون کے اجزاء چھوڑ جاتے ہیں اور یہ کام مخاطب کے سپرد کرتے ہیں کہ ان کو پورا کرے جس سے ایک خاص لطف پیدا ہو جاتا ہے طرز بیان میں سلاست اور کہیں کہیں جدت بھی ہے۔ روزمرہ اور محاورہ کے ساتھ ساتھ فارسی ترکیبیں بھی استعمال کرتے ہیں

جام نو

مدت ہوئی سوچا تھا کہ گھر جائیں گے اک دن

ساقی فاروقی



وہ لوگ جو زندہ ہیں وہ مر جائیں گے اک دن
اک رات کے راہی ہیں گزر جائیں گے اک دن

یوں دل میں اٹھی لہر یوں آنکھوں میں بھرے رنگ
جیسے مرے حالات سنور جائیں گے اک دن

دل آج بھی جلتا ہے اسی تیز ہوا میں
اے تیز ہوا دیکھ بکھر جائیں گے اک دن

یوں ہے کہ تعاقب میں ہے آسائش دنیا
یوں ہے کہ محبت سے مکر جائیں گے اک دن

یوں ہوگا کہ ان آنکھوں سے آنسو نہ بہیں گے
یہ چاند ستارے بھی ٹھہر جائیں گے اک دن

اب گھر بھی نہیں گھر کی تمنا بھی نہیں ہے
مدت ہوئی سوچا تھا کہ گھر جائیں گے اک دن





بہنوں کی محفل

راز

سینے میں چھپائے اس جہانِ فانی سے رخصت ہو گیا



میرے ایک بھائی ۱۹۶۳ء میں پاکستان سے برطانیہ آئے تھے ان کی پاکستان میں شادی ہو چکی تھی اور ان سے دو بچے بھی تھے۔ ان کی بیوی وفا شعار، خوبصورت اور خوب سیرت تھی۔ اس کے باوجود انہوں نے برطانیہ میں ایک اور شادی کر لی۔

ان کی دوسری بیوی انگریز تھی۔ وہ بھی کافی مثالی بیوی ثابت ہوئی۔ اور دونوں کی ازدواجی زندگی خوشگوار سے خوشگوار ہوتی گئی۔

میرے بھائی کی انگریز بیوی سے بھی تین بچے ہوئے شادی سے پہلے اور ازدواجی زندگی کے دوران انہوں نے اپنی انگریز بیوی کو اپنے رویے۔ جذبات یا زندگی کے کسی اور پہلو سے یہ احساس نہ ہونے دیا کہ وہ پہلے بھی شادی شدہ ہیں اور دو بچے بھی۔ وہ اپنی پاکستانی بیوی کو بھی باقاعدگی سے خطوط لکھتے رہے۔ اور روزمرہ اخراجات زندگی کے لئے رقم بھی بھیجتے رہے۔ انہوں نے اپنی پاکستانی بیوی کو یہ احساس نہ ہونے دیا کہ انہوں نے برطانیہ میں ایک اور شادی کر لی ہے

وطن سے طویل عرصہ باہر رہنے کی وجہ سے کچھ وطن سے محبت، کچھ پہلی بیوی کی محبت، تڑپ اپنے بچوں، اہل خاندان، بھائیوں، بہنوں والدین رشتہ داروں سے ملاقات کے جذبے کے تحت وہ ۱۹۷۶ء میں تنہا پاکستان گئے۔ چند ماہ بعد ان کا برطانیہ واپس آنے کا ارادہ تھا لیکن خدا کا کرنا کیا ہوا کہ دل کا دورہ پڑنے سے اچانک وہ انتقال کر گئے۔ ہمارے لئے یہ سانحہ عظیم اور بڑا جانکاہ تھا۔ ان کے بیوی بچوں کی حالت قابل رحم تھی کہ اتنا عرصہ جدائی کے بعد قربت میسر آئی تو اس میں بھی ثبات پیدا نہ ہوا۔ اور وہ دنیا چھوڑ کر دائمی جدائی اور رنج و اندوہ کی طویل یادیں چھوڑ گئے۔

چونکہ اس وقت ہمیں بھائی کی انگریز بیوی اور بچوں کا کوئی علم نہ تھا اور نہ ہی انگریز بیوی کو ہمارے بارے میں کوئی معلومات یا اتہ پتہ معلوم تھا۔ اس لئے وہ ہم سے رابطہ قائم نہ کر سکیں کہ ان کے شوہر کا کیا بنا۔ وہ کیوں واپس نہ آئے۔ انہوں نے کچھ عرصہ انتظار کیا ہو گا اور پھر یہ سمجھ بیٹھیں کہ شاید ان کے شوہر نے ان سے علیحدگی اختیار کرنے کے لئے خاموشی اختیار کر لی ہے۔

مجھ پر اپنے بھائی کی دوسری شادی کا — راز اس وقت کھلا جب کچھ عرصہ بعد برطانیہ آیا اور بھائی کے دوستوں اور جاننے والوں سے ملاقات ہوئی انہوں نے یہاں بھی شادی کر رکھی تھی جس سے دو بیٹے اور ایک بیٹی تھی۔

کافی عرصہ بعد بھائی جان کی انگریز بیوی اور بچوں کی تلاش کرتا رہا۔ لیکن ان کا کوئی اتہ پتہ معلوم نہ ہوا۔ تلاش و جستجو پھر بھی نہ چھوڑی۔ آخر سعی پیہم سے اپنی انگریز بھاوج اور بھتیجے بھتیجی کا گھر ڈھونڈ لیا گیا۔

میں نے اپنی بھاوج کو تمام داستان سنائی تو وہ بیہوش ہو گئیں۔ بعض دن بعد ہوش آیا۔ وہ اپنے شوہر کی وفات کی خبر سن کر اس قدر متاثر ہوئیں کہ ان کی آنکھوں میں نہ ختم ہونے والی آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی۔ انہیں تسلی دی۔ صبر و شکر بجا لانے کو کہا۔ مجھے بھی اپنے والد کے انتقال پر زار و قطار رو رہے تھے۔

میری بھاوج کی عظمت و رفعت اور کردار و سیرت کا یہ عالم ہے کہ انہوں نے اپنے شوہر کے انتقال میں اپنی پاک دامنی اور تقدس و عفت کے زیور کی امانت سمجھ کر حفاظت کی اور ان کے ذہن میں دوسری شادی کرنے کا تصور تک پیدا نہ ہوا۔ خودداری اور وضعداری کا یہ عالم کہ

اپنے دگرگوں مالی حالات کے باوجود سوشل سیکیورٹی کے سامنے اپنا دامن نہ پھیلایا۔ بلکہ عزم و استقلال اور محنت سے روزی کمانا شروع کر دی۔ سب سے اہم بات یہ کہ انہوں نے اپنے بچوں کو اسلامی تعلیمات سے روشناس کرایا اور ان کی تعلیم پر ذاتی توجہ دے کر انہیں مشرقی تہذیب و ثقافت سے آشنا کرایا اردو زبان سکھائی اور گھر کا ماحول اسلامی نظریات کا آئینہ دار بنا دیا۔

ایک فرنگی ماحول کی پروردہ عورت سے عظمت، رفعت کی ایسی مثال کی توقع رکھنا موجودہ دور میں واقعی کسی معجزے سے کم نہیں

وفاداری، محبت، ایثار اور خلوص کی یہ ایسی داستان ہے جس نے میرے ذہن پر اپنی بھاوج کا مقام اتنا بلند کر دیا کہ کوئی مشرقی عورت بھی اتنی عظیم قربانی نہیں دے سکتی۔ میرا اپنی بھاوج اور بچوں سے اب بھی رابطہ قائم ہے اور میں ان کی مقدور بھر اخلاقی اور مالی مدد کرتا ہوں۔ اور پاک دامن انگریز بھاوج کا تقدس ذہن کی گہرائیوں میں ثبت ہو گیا کہ وہ اپنی زندگی اسلامی تعلیمات کے مطابق بسر کرتی ہیں۔ جوان اور خوبصورت ہونے کے باوجود انہوں نے دوسری شادی کا تصور تک نہیں کیا وہ اپنے شوہر کی اب بھی ایک "دیوتا" کی طرح پرستش کرتی ہیں۔ یہ میرے بھائی کی ایک غلطی تھی۔ ایک لغزش تھی کہ انہوں نے اپنی دونوں بیویوں کو اندھیرے میں رکھا۔ دونوں بیویاں معصوم بے گناہ ہیں۔ دونوں کی زندگی ایک ناقابل بیان حسرت و یاس کی تصویر بن گئی ہے

********** بہنوں کی خدمت میں عید مبارک **********

ایک صاحب بازار میں ایک بچے کو لئے جا رہے تھے چونکہ بچہ رو رہا تھا لیکن ان صاحب کو بالکل غصہ نہیں چڑھ رہا تھا۔ وہ بڑے صبر و سکون سے دھیمے لہجے میں کہتے جا رہے تھے......

"صبر سے کام لو اسلم۔ بس تھوڑی دیر کی تو بات ہے۔ گھبراؤ نہیں۔ شاباش۔"

پاس سے گزرتی ہوئی ایک خاتون نے ان صاحب کی تعریف کی اور کہا: "آپ کتنے مشفق اور صابر باپ ہیں۔ بچارا اسلم کتنا خوش قسمت ہے۔ بچے کا یہی نام ہے نا؟"

ان صاحب نے جواب دیا: "جی نہیں! اس کا نام منظور ہے۔ اسلم تو خود میں ہوں۔"

اثاثوں اور دریائی پانی کی تقسیم کے معاملات میں پاکستان خسارے میں رہا

پاکستان قائم نہ ہوتا تو ہندوستان چار یا پانچ ریاستوں میں تقسیم ہو جاتا

مذاکرات بامقصد ہونے چاہئیں ؛ بھارتی اخبار نویس سے خصوصی انٹرویو

راولپنڈی ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

پاکستان کی ایران یا بھارت کے ساتھ کنفیڈریشن کی افواہوں [illegible] بھارت اور چین کے تعلقات [illegible] کے اپنی ہو جانے اور دیگر متعدد اہم امور و مسائل پر تفصیل سے اظہار خیال کیا۔ وزیر اعظم نے یہ بھی واضح کیا کہ بھارت کے ساتھ تعلقات کی بہتری کے عمل اور فیصلوں میں پاکستان کے عوام کو مکمل شریک کیا جائے گا کیونکہ عوامی تائید سے کئے گئے فیصلے ہی [illegible] اور دیرپا ثابت ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا عوام پر ایسے فیصلے مسلط کرنے سے جو ان کے لئے ناقابل قبول ہوں صورت حال سدھرنے کی بجائے سنگین تر ہو جاتی ہے میں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہتا جو عوام کے ذہنوں میں شکوک و شبہات کو جنم دے [illegible]

احساس ہے کہ وہ خسارے میں رہے ہیں۔

مسئلہ کشمیر

[illegible]

[illegible]

وزیر اعظم نے [illegible] کا اظہار ہوتا ہے [illegible] واقعات میں پاک بھارت تنازعات میں سے سب سے پہلا اور سب سے اہم مسئلہ کشمیر ہنوز حل طلب ہے اور پاکستان کے عوام اس بات کو اچھی طرح جانتے ہیں۔ پاکستانی عوام اس بات کو کبھی نہیں بھولے کہ حیدر آباد، جونا گڑھ، مناوادر اور کچھ دوسری ریاستوں میں کیا ہوا تھا۔ اور سب سے بڑھ کر ۱۹۷۱ء کے واقعات جب بنگلہ دیش بنا اور بھارت نے پاکستان کے ہزاروں فوجی اور شہری باشندے قیدی بنا لئے۔

پی آئی اے کے جنرل منیجر ٹورانٹو میں۔

پی آئی اے کے نئے جنرل منیجر برائے امریکہ و کینیڈا جناب ارشد مسعود کے اعزاز میں ۱۸ نومبر کو ہوٹل ٹورانٹو میں ایک پرتکلف عشائیہ ترتیب دیا گیا جس کے میزبان مقامی ڈسٹرکٹ منیجر جناب اسد درانی تھے۔ اس محفل میں کافی پاکستانی حضرات اور ٹریول انڈسٹری کے نمائندے مدعو تھے۔

حالات نے مجبور کیا تو ہم سینٹو سے الگ ہو جائیں گے: بھٹو

نئی صورت حال میں روس کے ساتھ ہمارے تعلقات کو بہتر طور پر سمجھا جائے گا

امریکہ پاکستان ایران اور ترکی کو کیوں دھمکیاں دے رہا ہے

تیسری پارٹی ایٹمی پلانٹ کے معاہدے کو کس طرح منسوخ کر سکتی ہے

[illegible]

شاہی مسجد کی دیکھ بھال کے لیے شاہ خالد کی طرف سے ایک کروڑ روپے کا عطیہ

راولپنڈی۔ — نمائندہ خصوصی) سعودی عرب کے شاہ خالد ... [illegible] ... مسجد کی دیکھ بھال اور مرمت کے لیے ایک کروڑ روپے کا عطیہ دیا ہے

ایران میں زلزلے سے جانی و مالی نقصان پر وزیراعظم بھٹو کا اظہار ہمدردی

ہمارے تمام ذرائع آپ کے لیے وقف ہیں

شہنشاہ ایران کے نام پیغام

اسلام آباد — (ریپ) وزیراعظم ... [illegible]

شطرنج کے عالمی مقابلے

پاکستان نے تیسری پوزیشن حاصل کی

[illegible]

پاکستان بنگلہ دیش کو ریل کے ڈبے منتقل کرے گا

[illegible]

غیر ملکی طلبا کا برطانیہ میں داخلہ ناممکن بنایا جا رہا ہے

حکومت برطانیہ نے

ایک نئے سرکلر کے ذریعہ ہدایات جاری کی ہیں کہ ترقی پذیر ممالک سے آنے والے طلبا پر زیادہ سخت پابندیاں عائد کی جائیں۔ امیگریشن افسروں کو وسیع ترین اختیارات دیے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے ترقی پذیر ممالک میں متعین افسروں کو بھی اختیارات دیے جائیں گے کہ وہ تعلیم کی غرض سے برطانیہ آنے کے خواہشمند طلبا کو اجازت نامہ جاری کرنے سے قبل ان کی قابلیت جانچنے کے لیے باضابطہ طور پر امتحان لے سکیں نیز ان کے خاندانی اور مالی حالات کا بھی جائزہ لے سکیں گے۔ اسی طرح یونیورسٹیوں کی ڈگریاں امیگریشن افسروں کے لیے ردی کاغذ کا مصداق بن کر رہ جائیں گی۔ اس وقت اندازاً ۵۲ ہزار غیر ملکی طلبا برطانیہ میں زیر تعلیم ہیں جن میں سے تقریباً ۴۰ ہزار طلبا کا تعلق ترقی پذیر ممالک سے ہے۔ اس کے علاوہ یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ اس وقت زیر تعلیم طلبا کی نقل و حرکت پر بھی کڑی نگاہ رکھی جائے۔

گزشتہ چار ماہ کے دوران ضروری اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے: وزیر خزانہ

حکومت قیمتوں میں اضافے کو روکنے میں ناکام رہی ہے: خواجہ صفدر

سیمنٹ کی قلت دور کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں: وزیر پیداوار

اسلام آباد۔ — (اے پی پی) وفاقی وزیر خزانہ رانا محمد حنیف نے آج سینیٹ کو بتایا کہ ... [illegible]

اپوزیشن کو عوام سے دور رکھنے کے لیے دفعہ ۱۴۴ نافذ ہے

حکومت انتخابات مقررہ وقت پر کرانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی: مفتی محمود

مردان ... — (نمائندہ خصوصی) قومی اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائم مقام قائد مولانا مفتی محمود نے کہا ہے ... [illegible]

عوامی لیگ کو کام کرنے کی اجازت مل گئی

پارٹی کے دفتر پر جھنڈا لہرا دیا گیا

بنگلہ دیش میں ۵۶ جماعتوں کو کام کرنے کی اجازت دی گئی ہے

ڈھاکہ — (رپ پی پی) حکومت نے مجیب کی عوامی لیگ کو بطور سیاسی جماعت کام کرنے کی اجازت دیدی ہے ... [illegible]

سکواش کے عالمی مقابلے

پاکستانی کھلاڑی دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے

[illegible]

بغداد میں پاکستان کے نئے سفیر

اسلام آباد — (اے پی پی) حکومت پاکستان نے ... [illegible]





ہمیں علامہ اقبال کی تعلیمات کو فراموش نہیں کرنا چاہیے ... منایا جائے گا



THE FLU.

This is how Ontario's no-cost flu protection program will work.

اس سرما میں انٹیریو میں فلو کی وبا پھوٹ پڑنے کا شدید امکان ہے۔ اس لیے آپ کا صوبہ چاہتا ہے کہ ۶۵ سال اور اس سے زیادہ عمر والے، اور ۲ سال سے زیادہ عمر کے وہ لوگ جنہیں شکر، دل، گردے یا تنفس کی بیماری ہے، وہ سوائن فلو اور وکٹوریہ فلو دونوں سے بچاؤ کے لیے ٹیکے لگوائیں۔ ہم انہیں بیماری پھیلنے سے پہلے ٹیکے لگانے کا منصوبہ رکھتے ہیں۔ اس کی کوئی فیس نہیں ہوگی۔

ہم ۲۰ سال سے زیادہ عمر کے ان لوگوں کو بھی سوائن فلو کا مفت ٹیکہ لگائیں گے جو اس کے خواہشمند ہیں۔

لیکن کسی پر بھی زبردستی نہیں ہوگی کہ وہ ٹیکہ لگوائیں۔ یہ اپنی مرضی پر منحصر ایک ذاتی فیصلہ ہوگا۔

یہ فلو کس قسم کے ہیں

یہ دونوں فلو ایسی بیماری ہیں جو متعدی زہریلے مادوں سے ایک شخص سے دوسرے شخص کو لگتے ہیں۔ ایسے ہی جیسے کہ عام نزلہ زکام پھیلتا ہے (سوائن فلو سور کا گوشت کھانے سے نہیں ہوتا)۔

سوائن فلو اس دفعہ ۱۹-۱۹۱۸ء کے فلو کی طرح شدید ہو سکتا ہے جس میں ساری دنیا میں بیس ملین اشخاص، جن میں پچاس ہزار کینیڈین ہیں، فوت ہوئے۔ وکٹوریہ فلو سے بھی پچھلے سرما تک کئی بیماریاں اور اموات واقع ہوئیں۔

آثار

فلو کے عام آثار بخار، اعضاء شکنی، سر درد، سردی اور کھانسی ہیں۔ زہریلے مادے کے آپ کے نظام تک پہنچنے اور آپ کو بیماری محسوس ہونے تک ایک تا تین دن کا وقت لگتا ہے۔ فلو کی مدت ۲ سے سات دن تک ہوتی ہے۔ اگر سخت قسم کا انفلوئنزا ہو تو فلو مار سکتا ہے۔ سوائن فلو ۲۴ گھنٹوں کے اندر مار سکتا ہے۔

انٹیریو میں مفت ٹیکے لگانے کا پروگرام

ان دونوں قسم کے فلو کو ختم کرنے کے لیے انٹیریو کے ۴۴ مقامی میڈیکل ہیلتھ افسر صوبہ بھر کے لیے ٹیکے لگانے کا پروگرام ترتیب دیں گے۔ آپ کے علاقے میں ٹیکے لگانے کی تاریخ، جگہ اور وقت کا اعلان کیا جائے گا۔

انٹیریو کی دو ہزار سے زائد پبلک ہیلتھ نرسیں ٹیکے لگانے کا اصل کام انجام دیں گی۔ بعض فیملی ڈاکٹرز بھی اپنے کچھ مریضوں کو خود ٹیکے لگائیں گے۔ آپ کی حکومت انٹیریو تمام اخراجات خود برداشت کرے گی۔

ٹیکے قدیم انداز میں سوئی کے ذریعے لگائے جائیں گے یا پھر AIR SPRAY INJECTORS کے ذریعے بغیر تکلیف پہنچائے تیزی سے دوا پہنچائی جائے گی۔ یہ انجیکٹر ایک گھنٹے میں ایک ہزار لوگوں کو ٹیکے لگا سکتا ہے۔ اور اسے پچھلے کئی سالوں سے محفوظ طریقے سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ فلو کے ٹیکے جسم پر کوئی داغ نہیں چھوڑتے۔

ٹیکے لگوانے والوں پر ممکنہ اثرات

اکثر لوگوں پر ٹیکے لگوانے سے کوئی SIDE EFFECT نہیں ہوگا۔ لیکن کبھی دوسرے ٹیکوں کی طرح ان ٹیکوں کا بھی شدید ردعمل ہو سکتا ہے۔ تھوڑے اثرات جیسے بازو کی تکلیف، سر درد، بخار اور اعضاء شکنی عموماً ایک یا دو دن تک رہتا ہے۔ اگر یہ شکایت وقت گزرنے پر ختم نہ ہو تو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ قائم کیجیے۔ عموماً ٹیکے لگوانے کے تین ہفتے بعد ایک سال یا اس سے زیادہ مدت تک آپ بیماری سے محفوظ رہیں گے۔

ٹیکے کس کو نہیں لگوانا چاہیے

اگر آپ کو مرغی کے انڈوں سے، مرغی سے یا مرغی کے پروں سے الرجی ہو تو فلو کے ٹیکے نہ لگوائیں۔ کیونکہ ان ٹیکوں کی دوا مرغی کے انڈوں سے حاصل ہوتی ہے اور اس کا شدید ردعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو بخار، سانس کی تکلیف یا کوئی اور بیماری ہو تو اس حالت میں ٹیکے مت لگوائیے۔ سوائن فلو کا ٹیکہ لگوانے کے بعد دو ہفتے تک کوئی اور ٹیکہ نہیں لگوانا چاہیے۔

فلو کے ٹیکوں سے اکثر لوگ بیمار ہونے سے بچ سکتے ہیں۔ فلو کے علاج کے لیے کوئی دوا نہیں ہے۔ اس لیے ٹیکے لگوانا بہتر ہوتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ سے رابطہ قائم کیجیے۔

Ministry of Health
Frank Miller,
Minister

William Davis,
Premier

Province of Ontario

شیرباز مزاری اور بیگم نسیم ولی خاں کو بہاولپور جانے سے روک دیا گیا

شیرباز مزاری کو ساتھیوں سمیت بہاولپور میں عید منانے سے روک دیا گیا

[illegible]

آپ کے پیغام تہنیت سے میری حوصلہ افزائی ہوئی ہے

صدر فضل الٰہی چودھری کے نام امریکہ کے نومنتخب صدر کا جوابی پیغام

اسلام آباد ——— (اے پی پی) امریکہ کے نومنتخب صدر جمی کارٹر نے یقین دلایا ہے کہ ان کی حکومت پاکستان اور امریکہ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لئے کوششیں جاری رکھے گی۔ صدر پاکستان فضل الٰہی چودھری کے تہنیتی پیغام کے جواب میں امریکی منتخب صدر نے کہا ہے کہ اس وقت جبکہ میں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کی تیاریاں کر رہا ہوں آپ نے میرے لئے جن جذبات کا اظہار کیا ہے اس سے میری حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ صدر فضل الٰہی چودھری نے جمی کارٹر کو امریکہ کا صدر منتخب ہونے پر حال ہی میں مبارکباد کا پیغام بھیجا تھا۔

پیپلز وطنی میں گرلز ہائی سکول کا قیام

اسلام آباد ——— وفاقی حکومت نے پیپلز وطنی ضلع ساہیوال میں ایک گرلز ہائی سکول قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔



پروفیسر وقار عظیم کو قبرستان میانی صاحب میں سپرد خاک کر دیا گیا

لاہور ——— (اے پی پی) اردو کے معروف نقاد اور ماہر تعلیم پروفیسر وقار عظیم کو آج میانی صاحب کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ ان کے جنازے میں ادیبوں، صحافیوں، ماہرین تعلیم، طلباء اور دوسرے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پروفیسر وقار عظیم گزشتہ شام چند روز کی شدید علالت کے بعد انتقال کر گئے تھے۔ پروفیسر وقار عظیم کا شمار اردو ادب کے چوٹی کے نقادوں میں ہوتا تھا اور وہ افسانہ اور تنقید پر بہت سی کتب کے مصنف تھے۔ وہ بیس سال تک اورینٹل کالج سے منسلک رہے۔ [illegible] پنجاب یونیورسٹی کے قابل اور محترم اساتذہ میں ہوتا تھا [illegible] میں داخل کرایا گیا تھا [illegible] جہاں وہ [illegible] میں داخل تھے۔ چند روز قبل ان کی حالت اچانک تشویشناک ہو گئی تھی۔ ان کے ڈاکٹروں نے انہیں بچانے کے لئے سر توڑ کوششیں کیں [illegible] حالت تشویشناک ہو گئی اور شام کو وہ خالق حقیقی سے جا ملے۔ ان کی عمر ۶۵ سال تھی۔ انہوں نے اپنے پسماندگان میں ایک بیوہ، پانچ صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں چھوڑی ہیں۔ ان کے [illegible] سے منسلک ہیں۔ [illegible]

اِنتقالِ پُرملال

نیویارک کے ایک پاکستانی نارما سسٹ ظہیر الحسن جنکی عمر ۲۹ سال بتائی جاتی ہے ——— بچنا سیس سٹریٹ پر واقع اپنے کمرے میں مردہ حالت میں پائے گئے۔ ان کی وفات کی اطلاع سات روز بعد ملی۔ موت کی اصل وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ پولیس کے اندازے کے مطابق خودکشی کی وجہ ہو سکتی ہے۔ مرحوم کے جاننے والے دوسرے پاکستانیوں کے مطابق مرحوم بہت ملنسار اور خوش اخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ نیوجرسی کے اسلامک سنٹر میں ادا کی گئی۔

بیرس سے بعض مشاہدات کو غلط سمجھا گیا ہے ۔ وزیر اعظم بھٹو

[illegible]

نومبر الیوب کے خلاف مقدمے کی سماعت

[illegible]

بنگلہ دیش میں متعدد تخریب کاروں کو ہلاک اور زخمی کر دیا گیا


انہیں بھارتی فوج کی نگرانی میں تربیت دی گئی : گرفتار ہونے والے تخریب کاروں کا انکشاف

ڈھاکہ — ریڈیو رپورٹ اسرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ بنگلہ دیش میں تخریب کاری کی غرض سے داخل ہونے والے متعدد افراد کو ہلاک کر دیا گیا جبکہ کئی تخریب کاروں نے خود کو بنگلہ دیشی حکام کے حوالے کر دیا۔ یہ واقعات ضلع ... نومبر کو ہوئے اور سلہٹ ... میمن سنگھ، کومیلا اور چٹاگانگ کے سرحدی اضلاع میں پیش آئے۔ سرکاری اعلان میں کہا گیا ہے کہ متعدد تخریب کاروں کو زخمی بھی کر دیا گیا۔ ریڈیو ڈھاکہ نے بتایا ہے کہ گرفتار ہونے والے تخریب کاروں نے یہ انکشاف کیا کہ انہیں بھارتی فوج کی نگرانی میں کیمپوں میں تربیت دی گئی۔



[illegible]







دیر کے حالیہ واقعات میں سازش کا دخل نہیں: بھٹو

معزول نواب نے اپنے ایجنٹوں کے ذریعے سیاسی اغراض کے تحت کارروائی کرائی تھی، عوام دشمن عناصر کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونگے، افغانستان نے اچھے ہمسائے کا کردار ادا کیا ہے

دیر، سوات اور چترال کے جنگلات حکومت کے کنٹرول میں لے لیے گئے

تمام سول مقدمات کا فیصلہ متعلقہ قوانین کے تحت جرگے کریں گے


دیر اور چترال کیلئے ترقیاتی بنیاد پر منصوبہ تیار کیا جائیگا: وزیراعلیٰ صوبہ سرحد کا اعلان

دیر ملاکنڈ ڈویژن ــــــ (اے پی پی) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ دیر کے حالیہ واقعات میں کسی بین الاقوامی سازش کا دخل نہیں ہے یہ ان رجعت پسند عناصر کی سازش تھی جن کے استحصال کا ... جہاں ایک بہت بڑے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے دیر کے معزول نواب کا نام لے کر کہا کہ انہوں نے اپنے ایجنٹوں اور حامیوں کے ذریعے سیاسی اغراض کے تحت یہ کارروائی کرائی تھی ... [illegible]

... تحریک کی حمایت نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا ماضی میں پاکستان کے خلاف بین الاقوامی سازشیں کی جاتی رہی ہیں ۱۹۷۱ء میں ملک کو ان سازشوں کے باعث شدید نقصان پہنچا ... [illegible] ... انہوں نے کہا مشرقی پاکستان کی علیحدگی اور بلوچستان کی بغاوت میں بین الاقوامی سازش کو دخل حاصل تھا ماضی میں بھی پاکستان کو تباہ کرنے کے لئے یہ سازشیں کی جاتی رہی ہیں ... لیکن یہاں کسی لانگ مارچ کی ضرورت نہیں ہے ... عوام میرے دوست ہیں میں ان سے دور نہیں رہ سکتا ... [illegible]

اس موقع پر صوبہ سرحد کے وزیراعلیٰ نصراللہ خان خٹک نے وزیراعظم کی طرف سے ایک اہم اعلان پڑھ کر سنایا جس میں انہوں نے بتایا کہ دیر اور چترال کی اصلاح کے لئے ترقیاتی بنیاد پر منصوبہ تیار کیا جا رہا ہے ان علاقوں میں تمام سول مقدمات کا فیصلہ متعلقہ قوانین کے تحت جرگے کیا کریں گے۔ نیز دیر، سوات اور چترال کے جنگلات حکومت کی نگرانی اور کنٹرول میں ہوں گے ... [illegible]

وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ دیر کے حالیہ واقعات میں بھارت اور افغانستان سمیت کسی بیرونی طاقت کا ہاتھ نہ تھا بلکہ حکومت افغانستان نے اس سلسلے میں ایک اچھے ہمسایہ کا کردار ادا کیا جس کے سلسلے میں حکومت افغانستان کا شکر گزار ہوں ... پاکستان بھی افغانستان کے خلاف رجعت پسندوں کا ... [illegible]



مولانا بھاشانی کو سنتوش میں سپرد خاک کر دیا گیا

ایک ہفتے تک سوگ منانے کا اعلان

ڈھاکہ ــــــ (ریڈیو رپورٹ) بنگلہ دیش کے معمر رہنما مولانا عبدالحمید خان بھاشانی کو آج ان کے آبائی گاؤں سنتوش میں ... سپرد خاک کر دیا گیا ان کے جنازے میں ... افراد نے شرکت کی۔ بنگلہ دیش کی حکومت نے ایک ہفتے تک ان کا سوگ منانے کا اعلان کیا ہے ... ان کی عمر ۹۶ برس تھی ... ڈھاکہ میڈیکل کالج کے ہسپتال میں حرکت قلب بند ہونے سے انتقال ہو گیا ... [illegible]

... انہوں نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا ہے ... سیاست کے آسمان پر چمکتا رہا۔ ان کی موت ناقابل تلافی قومی نقصان ہے ... [illegible]

وزیراعظم کے استقبال کے وقت حادثہ

ایک افسر گولی لگنے سے ہلاک ہو گیا

یوسف خیل ــــــ (اے پی پی) آج وزیراعظم بھٹو کے استقبال کے دوران ... ایک ناخوشگوار حادثہ رونما ہو گیا ... [illegible]



قریشی برادران کی درخواست کی سماعت

لاہور ــــــ ... ماہنامہ اردو ڈائجسٹ کے ایڈیٹر ... الطاف حسن قریشی اور ... اعجاز حسن قریشی کو جیل میں اے کلاس دیئے جانے کی درخواست کی سماعت ... [illegible]

پاکستان کیلئے فرانسیسی ایٹمی پلانٹ کی مخالفت جاری رہے گی

ہم اس سلسلے میں طے پانے والا معاہدہ منسوخ کرانا چاہتے ہیں: جمی کارٹر

پلینز (جارجیا) ــــــ (اے پی پی) امریکہ کے منتخب صدر جمی کارٹر نے کہا ہے کہ وہ پاکستان کو فرانس سے ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ کی فروخت کی مخالفت کریں گے ... یہ معاہدہ منسوخ کر دیا جائے ... ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹوں کے پھیلاؤ کی مخالفت جاری رکھیں گے ... [illegible]

ایٹمی پروگرام کا مقصد توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے سوا کچھ نہیں

پاکستان پابندیاں قبول کر کے اپنی صاف نیت کا ثبوت دے چکا ہے: یعقوب علی خان

نیویارک ــــــ (اے پی پی) پاکستان نے اپنے اس موقف کا ایک بار پھر واضح طور پر اعادہ کیا ہے کہ اس کے ایٹمی پروگرام کی غرض و غایت محض ایٹمی توانائی کی ضروریات پوری کرنا ہے ... [illegible]

پاکستان ایٹمی سازوسامان کے سلسلے میں شرائط پوری کرے: وزیر خارجہ کینیڈا

فرانس کے صدر جسکارد کے خصوصی ایلچی نے وزیراعظم بھٹو سے ملاقات کی ہے: واشنگٹن آف امریکہ

اوٹاوہ ــــــ (وی او اے) ... کینیڈا نے پاکستان سے کہا ہے کہ وہ جوہری سازوسامان کے سلسلے میں شرائط کو پورا کرے ... [illegible]

خشونت شریعت کے سلسلے میں مظاہرے کو روک دیا گیا

[illegible]

قارئین کرام کو

عید الضحیٰ مبارک ہو

(ادارہ)

کریسنٹ

الاَ اِنَّ اَولِیَآءَ اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھِم وَلَا ھُم یَحزَنُونَ

ری پروسسنگ پلانٹ اور امریکہ کی مخالفت

پاکستان نے اپنے ایٹمی بجلی گھروں کے طویل المیعاد منصوبہ کی ایندھن کی ضروریات پوری کرنے کے لیے فرانس سے ری پروسسنگ پلانٹ خریدنے کا جو معاہدہ کیا ہے، امریکہ پہلے دن سے اس کے منسوخ کرانے کے لیے پاکستان اور فرانس دونوں پر مختلف انداز اور نوعیت کا دباؤ ڈال رہا ہے وہ کوئی محتاج وضاحت بات نہیں۔ فرانس کے سرکاری حلقے تو اس دباؤ پر برملا ناپسندیدگی بھی ظاہر کر چکے ہیں اور حکومت پاکستان بھی تدبر و حکمت اور ضبط و تحمل کے ساتھ اس ناجائز دباؤ کا مقابلہ کرتی رہی ہے۔ لیکن اب صدارتی انتخاب کے بعد امریکہ کے اس ناروا دباؤ میں کافی اضافہ ہونے بلکہ فیصلہ کن حد تک پہنچ جانے کا امکان محض مفروضہ نہیں رہا۔

اس دباؤ کا سلسلہ صدر فورڈ نے چند ماہ پہلے شروع کیا تھا اور امریکہ کے وزیر خارجہ ڈاکٹر کسنجر اس سلسلے میں بات چیت کے لیے خاص طور پر پاکستان بھی آئے تھے۔ اگر وہ جیت گئے، تو وہ نہ صرف اس دباؤ کو جاری رکھیں گے، بلکہ اس کی شدت میں اضافہ بھی ہو جائے گا، اور اگر ان کے انتخابی حریف جمی کارٹر کامیاب ہو گئے، تو ان کی حکومت کا دباؤ بڑی عریاں اور بے ڈھب صورت بھی اختیار کر سکتا ہے۔ کیونکہ برطانیہ کی لیبر پارٹی کی طرح امریکہ کی ڈیموکریٹک پارٹی بھی طبعاً اور مزاجاً پاکستان کے مقابلے میں بھارت سے ترجیحی سلوک کرنے کی روایت پر کاربند رہی ہے۔ اور جمی کارٹر نے تو اپنی انتخابی مہم میں بھی اس کا بھرپور تاثر دینے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔

اس پس منظر میں عین صدارتی انتخاب کے موقع پر پاکستان کے لیے فرانسیسی ری پروسسنگ پلانٹ کے معاملے کا منظر عام پر آنا خلاف توقع نہیں ہے۔ پیرس سے شائع ہونے والے امریکی اخبار "انٹرنیشنل ہیرالڈ ٹریبیون" میں اس کے باخبر اور معتمد کالم نگار سی۔ ایل سلزبرگر نے یہ اطلاع دی ہے کہ پاکستان نے اس پلانٹ کے ضمن میں ایسے پلانٹوں کے لیے کسی بھی قسم کی بین الاقوامی نگرانی قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے جو وہ مستقبل میں اپنے طور پر تیار کرے گا۔ پاکستان کے اس انکار کو بنیاد بنا کر اس امریکی کالم نگار نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ پاکستان کو فرانسیسی ری پروسسنگ پلانٹ دیئے جانے کے کوئی آثار نظر نہیں آتے۔ امریکہ کو سرفہرست عالمی طاقت ہونے کے باعث جو غیر معمولی اثر و نفوذ حاصل ہے اس کی وجہ سے کسی معاملے خاص طور پر مسلم ملکوں کے معاملے میں اس کی مخالفت کو معمولی نہیں سمجھا جا سکتا۔ لیکن فرانس نے اپنے معاملات میں امریکہ کی مداخلت اور بالادستی کو قبول نہ کرنے کی جو روایت صدر ڈیگال سے ورثے میں پائی ہے اور جس پر موجودہ حکومت بھی کاربند نظر آتی ہے اس کی وجہ سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ امریکی کالم نگار کی یہ اطلاع ایک خواہش کی آئینہ دار ہے جسے اس نے قریبی حقیقت اس لئے قرار دے دیا ہے کہ امریکی حکومت بھی اسے حقیقت کا روپ دینے کے لئے کوشاں بلکہ بضد ہے۔

پاکستان کی طرف سے ری پروسسنگ پلانٹ حاصل کرنے کی کوششوں میں امریکہ جو روڑے اٹکا رہا ہے۔ اگرچہ اس کے سلسلے میں واشنگٹن بعض اصولوں خاص طور پر ایٹمی ہتھیاروں کا پھیلاؤ روکنے کے مقصد پر بڑا زور دیتا ہے لیکن امریکہ کی یہ تمام زور اصول پرستی صرف پاکستان تک محدود ہے۔ اسرائیل کو امریکہ نے خود در پردہ طور پر مدد دے کر ایٹمی طاقت بننے اور ایٹم بم تیار کرنے کا اہل بنایا ہے۔ بھارت نے مئی ۱۹۷۴ء میں جو ایٹمی دھماکہ کیا تھا، اس میں کناڈا اور امریکہ دونوں کے بالواسطہ تعاون کا بڑا حصہ تھا۔ اس دھماکے کے بعد امریکہ نے بظاہر اضطراب ظاہر کیا تھا لیکن چند ماہ قبل جب ایٹمی پلانٹوں کے لئے بھاری پانی کی رسد ختم ہونے سے بھارت کے لئے بڑی پریشان کن اور نازک صورت حالات پیدا ہو گئی تھی تو جس طرح ۱۹۶۲ء میں بھارت اور چین کی سرحدی جھڑپوں کے موقع پر بھارت کو جدید اسلحہ بہم پہنچانے کیلئے امریکہ نے ایک گیارہ سالہ پرانا معاہدہ ڈھونڈ نکالا تھا اسی طرح ایٹمی دھماکہ کرنے والے بھارت کو مزید بھاری پانی بہم پہنچانے کے لئے امریکی حکومت نے یہ جواز پیش کیا کہ اس کے لئے پہلے سے معاہدہ ہو چکا تھا اور اگر امریکہ نے اس کے تحت اپنی ذمہ داری پوری نہ کی تو دنیا میں امریکی معاہدوں کی ساکھ پر برا اثر پڑنے کا احتمال ہے۔ بھارت کے معاملے میں اس طرح کی جوڑ توڑ حیلہ سازی اور پاکستان کے معاملے میں فرانس کی خودمختاری پر بھی اثر انداز ہونے کی بھرپور کوشش سے عیاں ہو جاتا ہے کہ امریکہ کے حکمران اگرچہ زبان سے بار بار کہتے ہیں کہ پاکستان کی سالمیت و آزادی کا تحفظ ان کے ملک کی خارجہ پالیسی کی ایک اہم ترین بنیاد ہے لیکن جب جارح بھارت کے جارحانہ خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے پاکستان کے دفاعی تقاضوں کا مسئلہ سامنے آتا ہے تو ان کا سارا انداز فکر و اظہار ہی بدل جاتا ہے۔ سفارتی رکھ رکھاؤ اپنی جگہ عام معاملات زندگی میں تو ایسے رویے کو منافقت کہتے ہیں۔

اہل پاکستان جب یہ دیکھتے ہیں کہ کئی معاہدوں میں حلیف ہونے کے باوجود امریکہ نے پاکستان کے مفادات کی مخالفت کو ہی مستقل شعار بنا لیا ہے، تو وہ اس سے یہی نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہوتے ہیں کہ پاکستان سے یہ ناروا سلوک محض اس لئے کیا جا رہا ہے کہ وہ ایک مسلم ملک ہے، جو عربوں کا پرجوش حامی اور عالم اسلامی کے اتحاد کے لئے کوشاں ہے۔ اس اعتبار سے دیکھیں تو اسرائیل، بھارت اور امریکہ تینوں کی یہ قدر مشترک ڈھکی چھپی نہیں رہتی کہ وہ اپنے اپنے انداز میں مسلمانوں اور اسلام کے مخالف اور دشمن ہیں اور مسلمانوں کو عزت اور آزادی سے جینے کا حق دینے کے لئے تیار نہیں۔

یہ مرحلہ اب زیادہ دور معلوم نہیں ہوتا اور یہ بات قرین قیاس تو درکنار قابل تصور بھی نہیں کہ حکومت پاکستان اس سے بے خبر ہو سکتی ہے۔ امریکہ بلاشبہ دنیا کی سب سے بڑی مادی طاقت ہے۔ لیکن آزادی اور عزت کے ساتھ زندہ رہنے اور اپنی سالمیت کا تحفظ کرنے کا حق بدرجہ آخر ہر ملک و قوم کا سب سے اہم فرض ہوتا ہے اور اس کے لئے خوددار اور غیرت مند قوموں کو وقت آنے پر انتہائی مشکلات برداشت کرنے کے ساتھ ہر قربانی کرنی پڑتی ہے۔

حفظ مراتب، تبدیلیاں اور شریف پولیس

ایک زمانہ تھا کہ دلی اور لکھنؤ کا خیال رکھتے تھے اور دلی و لکھنؤ میں تو زیادہ ہی رکھتے تھے۔ وضعداری کا یہ عالم تھا کہ ... [illegible]

یہ سب باتیں ہمیں اس لئے یاد آ رہی ہیں کہ گزشتہ دنوں ہم ایک بیگم صاحبہ کے ہاں مہمان تھے ... [illegible]

... کا نام پولیس ہے۔

روزن دیوار سے

ادب آداب، تکلفات اور حفظ مراتب کے ذکر میں پولیس کا نام آنے پر آپ یقیناً چونکے ہوں گے لیکن یہ حقیقت ہے ... [illegible]

"... شکریہ!"

کینیڈا کی دوستی

لیتے ہیں ہم فرانس سے گر جوہری پلانٹ
نفرت کا زاویہ سامنے کیوں اس کی بات پیں
منہ تو جلا کینیڈا کا اندرا کے دودھ سے
اور پھونکیں مار کے وہ مٹھو کی چھاچھ ہیں

— نثار اکبرآبادی

رائے عامہ اور حکومت

ملیے کہ عکس جمہوریت سیاسی کے رنگ و روپ ... اور ہم نے اپنے سیاسی ... [illegible] ... اسلام ... رکھے۔

سبی جیرگہ کے ارکان سے خطاب، ۱۴ فروری ۱۹۴۸ء

•• جب آپ جمہوریت کی باتیں کرتے ہیں تو مجھے ہنسی آتی ہے ... ہم نے جمہوریت تیرہ سو سال پہلے سیکھ لی تھی۔

پبلک کانفرنس، ۲۷ جولائی ۱۹۴۸ء

•• دنیا کی کوئی طاقت منظم عوام کی ...

ارشاد قائد اعظم کا مسلک ہے: اتحاد، ایمان، نظم و ضبط

قائد اعظم نے فرمایا

یہ سلطانی جمہور کا دور ہے۔ یعنی کاروبار حکومت و مملکت عوام کے نمائندوں کے ذریعہ عوام کے مفاد میں چلایا جانا چاہیے۔ اس بنیاد پر قائد اعظم نے پاکستان کے ... اور قیام پاکستان کے بعد بھی ان کے تقاضوں کی نشاندہی کی۔ قائد اعظم نے فرمایا:

•• یاد رکھیے کہ جو حکومتیں عوام کے اعتماد اور مرضی پر قائم نہ ہوں وہ کبھی ترقی ...

قربانی

آج عید الاضحیٰ ہے۔ صاحب استطاعت مسلمان آج قربانی کر کے حضرت ابراہیمؑ کی یاد تازہ اور اسوہ محمدیؐ کی پیروی کریں گے۔ احادیث میں آتا ہے کہ ہجرت مدینہ کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ امی و ابی) نے دس سال گزارے اور آپ نے عید الاضحیٰ کے موقع پر ہر سال مدینہ میں قربانی کی بلکہ آپ کو اس قربانی کا اس قدر خیال تھا کہ آپ نے رفیق اعلیٰ سے ملاقات سے پہلے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو وصیت فرمائی کہ میرے بعد بھی میری طرف سے عید الاضحیٰ کے موقع پر ہمیشہ قربانی کرتے رہنا چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ ایک صاحب نے حضرت علیؓ کو دیکھا کہ وہ عید الاضحیٰ کے موقع پر دو دنبے قربان کر رہے تھے، انہوں نے ان سے پوچھا کہ یہ دو دنبوں کی قربانی کیسی ہے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ "مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی تھی کہ میں آپ کی طرف سے (آپ کے وصال کے بعد) قربانی کرتا رہوں۔ سو میں آپ کی طرف سے قربانی کرتا ہوں!"

قربانی کا فعل حضور اکرمؐ کی نظر میں کس نوعیت کا تھا اور اس کی اہمیت کیا ہے۔ اس سلسلہ میں مسند احمد میں حضرت زید بن ارقم کی ایک روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے آپ سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ یہ عید الاضحیٰ کی قربانیاں کیسی ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ تمہارے جد امجد ابراہیمؑ کی جاری کردہ سنت ہے۔ صحابہ نے عرض کیا، پھر ہمارے لیے اس میں کیا فائدے کی بات ہے۔ آپ نے فرمایا کہ قربانی کے جانور کے جسم کا ہر بال قربانی کرنے والے کے لئے ایک نیکی ہے جو اسے خدا سے اجر پانے کا مستحق بنائے گی!

قربانی کے حکم میں دراصل یہ حکمت پوشیدہ ہے کہ اس ذریعہ سے مسلمانوں کو مالی قربانی کے علاوہ جانی قربانی کی بھی تربیت دی جائے تاکہ وہ دین و ملت کے بہادر فرزند بن سکیں اور وقت آنے پر کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہ کریں اسی لیے اللہ تعالیٰ نے جہاں قربانی کا حکم دیا وہاں یہ بھی ارشاد فرمایا کہ "ان قربانیوں کے جانوروں کا گوشت اور خون خدا کو نہیں پہنچتا بلکہ اسے تمہاری طرف سے وہ تقویٰ اور وہ دل کی پاکیزگی پہنچتی ہے جس کے تحت تم یہ قربانیاں کرتے ہو۔"



ملت اور وطن کی حفاظت نہیں کر سکتی ... حالات مانے کبھی غلطی پر نہیں ہوتی۔ ہمارے دو بیٹوں کے تحفظ ...

۲۶ جولائی ۱۹۴۸ء

کریسنٹ

یکم دسمبر ۱۹۷۶ء مطابق ۹ ذوالحجہ ۱۳۹۶ھ — جلد ۵ شمارہ ۱۸

عید الاضحیٰ

قربانی کیسے کرنی چاہیے!

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے عشرہ ذی الحجہ سے بہتر کوئی زمانہ نہیں، ان میں ایک دن کا روزہ ایک سال کے روزوں کے برابر اور ایک رات میں عبادت کرنا شب قدر کی عبادت کے برابر ہے (ترمذی، ابن ماجہ)۔ قرآن مجید سورۃ والفجر میں اللہ تعالیٰ نے دس راتوں کی قسم کھائی ہے وہ دس راتیں جمہور کے قول میں یہی عشرہ ذی الحجہ کی راتیں ہیں۔ خصوصاً نویں تاریخ یعنی عرفہ کا دن اور عرفہ اور عید کی درمیانی رات ان تمام ایام میں بھی خاص فضیلت رکھتے ہیں۔ عرفہ یعنی نویں ذی الحجہ کا روزہ رکھنا ایک سال گذشتہ اور ایک سال آئندہ کا کفارہ ہے اور عید کی رات میں بیدار رہ کر عبادت میں مشغول رہنا بہت بڑی فضیلت اور ثواب کا موجب ہے۔ اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر و للہ الحمد۔

عرفہ یعنی نویں تاریخ کی صبح سے تیرہویں تاریخ کی عصر تک ہر نماز فرض کے بعد باآواز بلند ایک مرتبہ یہ تکبیر پڑھنا واجب ہے۔ فتویٰ اس پر ہے کہ باجماعت نماز پڑھنے والے اور تنہا پڑھنے والے اس میں برابر ہیں۔ اسی طرح مرد و عورت دونوں پر واجب ہے۔ البتہ عورت بآواز بلند تکبیر نہ کہے آہستہ کہے (شامی)۔ تنبیہ: اس تکبیر کا متوسط بلند آواز سے کہنا ضروری ہے۔ بہت لوگ اس میں غفلت کرتے ہیں، پڑھتے ہی نہیں یا آہستہ پڑھ لیتے ہیں، اس کی اصلاح ضروری ہے۔ عید الاضحیٰ کے روز یہ چیزیں مسنون ہیں۔ صبح کو سویرے اٹھنا، غسل و مسواک کرنا، پاک صاف عمدہ کپڑے جو اپنے پاس ہوں پہننا، خوشبو لگانا، عید کی نماز سے پہلے کچھ نہ کھانا، عیدگاہ کو جاتے ہوئے تکبیر مذکور بآواز بلند پڑھنا۔ نماز عید دو رکعت ہیں مثل دوسری نمازوں کے، فرق صرف اتنا ہے کہ اس میں ہر رکعت کے اندر تین تین تکبیریں زائد ہیں۔ پہلی رکعت میں سبحانک اللّٰھم پڑھنے کے بعد قرأت سے پہلے اور دوسری رکعت میں قرأت کے بعد رکوع سے پہلے۔ ان زائد تکبیروں میں کانوں تک ہاتھ اٹھانا چاہیے۔ پہلی رکعت میں دو تکبیروں کے بعد ہاتھ چھوڑ دیں، تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیں، اور دوسری رکعت میں تینوں تکبیروں کے بعد ہاتھ چھوڑ دیئے جائیں اور چوتھی تکبیر کے ساتھ رکوع میں چلے جائیں۔ نماز عید کے بعد خطبہ سننا واجب ہے۔

قربانی ایک اہم عبادت اور شعائر اسلام میں سے ہے، زمانہ جاہلیت میں بھی اس کو عبادت سمجھا جاتا تھا مگر بتوں کے نام پر قربانی کرتے تھے۔ اسی طرح آج تک بھی دوسرے مذاہب میں قربانی مذہبی رسم کے طور پر ادا کی جاتی ہے۔ بتوں کے نام پر یا مسیح کے نام پر قربانی کرتے ہیں۔ سورۃ الکوثر میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ جس طرح نماز اللہ کے سوا کسی کی نہیں ہو سکتی قربانی بھی اسی کے نام پر ہونا چاہیے۔ فصل لربک وانحر کا یہی مطلب ہے۔ دوسری ایک آیت میں اسی مضمون کو دوسرے عنوان سے اس طرح بیان فرمایا ہے: ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للّٰہ رب العالمین۔ لا شریک لہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد ہجرت دس سال مدینہ طیبہ میں قیام فرمایا، ہر سال برابر قربانی کرتے تھے جس سے معلوم ہوا کہ قربانی صرف مکہ معظمہ کے لیے مخصوص نہیں بلکہ ہر شخص پر ہر شہر میں بشرائط مقررہ واجب ہے اور مسلمانوں کو اس کی تاکید فرماتے تھے۔ اسی لیے جمہور علمائے اسلام کے نزدیک قربانی واجب ہے (شامی)۔

قربانی ہر مسلمان عاقل بالغ مقیم پر واجب ہوتی ہے جس کی ملک میں ساڑھے باون تولہ چاندی یا اس کی قیمت کا مال اس کی حاجات اصلیہ سے زائد موجود ہو، یہ مال خواہ سونا چاندی یا اس کے زیورات ہوں یا مال تجارت یا ضرورت سے زائد گھریلو سامان یا مسکونہ مکان سے زائد کوئی مکان وغیرہ (شامی)۔ قربانی کے معاملہ میں اس مال پر سال بھر گزرنا بھی شرط نہیں۔ بچہ اور مجنون کی ملک میں اگر اتنا مال ہو بھی تو اس پر یا اس کی طرف سے اس کے ولی پر قربانی واجب نہیں۔ اسی طرح جو شخص شرعی قاعدہ کے موافق مسافر ہو اس پر بھی قربانی واجب نہیں۔ اگر اس نے قربانی کی نیت سے کوئی جانور خرید لیا تو اس کی قربانی واجب ہو گئی (شامی)۔

قربانی کی عبادت صرف تین دن کے ساتھ مخصوص ہے، دوسرے دنوں میں قربانی کی کوئی عبادت نہیں۔ قربانی کے دن ذی الحجہ کی دسویں، گیارہویں اور بارہویں تاریخیں ہیں، ان میں جب چاہے قربانی کر سکتا ہے۔ البتہ پہلے دن کرنا افضل ہے۔ اگر قربانی کے دن گزر گئے، ناواقفیت یا غفلت یا کسی عذر سے قربانی نہیں کر سکا تو قربانی کی قیمت فقراء و مساکین پر صدقہ کرنا واجب ہے۔ لیکن قربانی کے تین دنوں میں جانور کی قیمت صدقہ کر دینے سے یہ واجب ادا نہ ہوگا ہمیشہ گنہگار رہے گا۔ کیونکہ قربانی ایک مستقل عبادت ہے جیسے نماز پڑھنے سے روزہ اور روزہ رکھنے سے نماز ادا نہیں ہوتی، زکوٰۃ ادا کرنے سے حج ادا نہیں ہوتا، ایسے ہی صدقہ خیرات کرنے سے قربانی ادا نہیں ہوتی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور تعامل صحابہ کرام اس پر شاہد ہیں۔

جن بستیوں یا شہروں میں نماز جمعہ و عیدین جائز ہے وہاں نماز عید سے پہلے قربانی جائز نہیں، اگر کسی نے نماز سے پہلے قربانی کر دی تو اس کو دوبارہ قربانی لازم ہے۔ البتہ چھوٹے گاؤں میں جہاں جمعہ و عیدین کی نمازیں نہیں ہوتیں یہ لوگ دسویں تاریخ کی صبح صادق کے بعد قربانی کر سکتے ہیں۔ ایسے ہی اگر کسی عذر کی وجہ سے نماز عید پہلے دن نہ ہو سکے تو نماز عید کا وقت گزر جانے کے بعد قربانی درست ہے۔ مسئلہ قربانی رات کو بھی جائز ہے۔ مگر بہتر نہیں (شامی)۔

بکرا، دنبہ، بھیڑ کی ایک ہی شخص کی طرف سے قربانی کی جا سکتی ہے۔ گائے، بھینس، بیل، اونٹ سات آدمیوں کی طرف سے ایک کافی ہے بشرطیکہ سب کی نیت ثواب کی ہو کسی کی نیت محض گوشت کھانے کی نہ ہو۔

بکرا بکری ایک سال کا پورا ہونا ضروری ہے۔ بھیڑ اور دنبہ اگر اتنا فربہ اور تیار ہو کہ دیکھنے میں سال بھر کا معلوم ہو تو وہ بھی جائز ہے۔ گائے، بیل، بھینس دو سال کی، اونٹ پانچ سال کا ہونا ضروری ہے۔ ان عمروں سے کم کے جانور قربانی کیلئے کافی نہیں۔ اگر جانوروں کا فروخت کرنے والا جانور کی عمر پوری بتاتا ہے اور ظاہری حالات سے اس کے بیان کی تکذیب نہیں ہوتی تو اس پر اعتماد کرنا جائز ہے۔

جس جانور کے سینگ پیدائشی طور پر نہیں ہوتے یا بیچ میں سے ٹوٹ گئے ہوں اس کی قربانی درست ہے۔ ہاں سینگ جڑ سے اکھڑ ...

[illegible]

اگر جانور میں سالم خریدا تھا پھر اس میں کوئی عیب مانع قربانی پیدا ہو گیا تو اگر خریدنے والا غنی صاحب نصاب نہیں ہے تو اس کے لئے اسی عیب دار جانور کی قربانی جائز ہے اور اگر یہ شخص غنی صاحب نصاب ہے تو اس پر لازم ہے کہ اس جانور کے بدلے دوسرے جانور کی قربانی کرے (درمختار)۔

اپنی قربانی کو خود اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا افضل ہے۔ اگر خود ذبح کرنا نہیں جانتا تو دوسرے سے ذبح کرا سکتا ہے، مگر ذبح کے وقت وہاں خود بھی حاضر رہنا افضل ہے۔

قربانی کی نیت صرف دل سے کرنا کافی ہے۔ زبان سے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ البتہ ذبح کرنے کے وقت بسم اللّٰہ اللّٰہ اکبر کہنا لازم ہے۔ سنت یہ ہے کہ جب جانور کو ذبح کرنے کے لئے لٹائے تو یہ دعا پڑھے: انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین۔ ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للّٰہ رب العالمین۔ اور ذبح کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے: اللّٰھم تقبلہ منی کما تقبلت من حبیبک محمد وخلیلک ابراہیم علیہما السلام۔

(۱) جس جانور میں کئی حصہ دار ہوں تو گوشت وزن کر کے تقسیم کیا جائے، اندازے سے تقسیم نہ کریں۔

(۲) افضل یہ ہے کہ قربانی کا گوشت تین حصے کر کے ایک حصہ اپنے اہل و عیال کے لیے رکھے، ایک حصہ احباب و اعزا میں تقسیم کرے، ایک حصہ فقراء و مساکین میں تقسیم کرے۔ اور جس شخص کا عیال زیادہ ہو وہ تمام گوشت خود بھی رکھ سکتا ہے۔

(۳) قربانی کا گوشت فروخت کرنا حرام ہے۔

(۴) ذبح کرنے والے کی اجرت میں گوشت یا کھال دینا جائز نہیں، اجرت علیحدہ دینی چاہیے۔


(۱) قربانی کی کھال کو اپنے استعمال میں لانا مثلاً مصلیٰ بنا لیا جائے یا چمڑے کی کوئی چیز ڈول وغیرہ بنوا لیا جائے یہ جائز ہے لیکن اگر اس کو فروخت کیا تو اس کی قیمت اپنے خرچ میں لانا جائز نہیں بلکہ صدقہ کرنا اس کا واجب ہے۔ اور قربانی کی کھال کو فروخت کرنا بدون نیت صدقہ کے جائز نہیں (عالمگیری)۔

(۲) قربانی کی کھال کسی کی خدمت کے معاوضے میں دینا جائز نہیں۔ اس لئے مسجد کے مؤذن یا امام وغیرہ کے حق الخدمت کے طور پر ان کو کھال دینا درست نہیں۔

(۳) مدارس اسلامیہ کے غریب نادار طلباء ... اس کا بہترین مصرف ہیں کہ اس میں صدقہ کا ثواب بھی ہے اور احیاء علم دین کی خدمت بھی۔ مگر مدرسین کی تنخواہ میں بھی یہ صدقہ دینا جائز نہیں۔ واللّٰہ الموفق والمعین۔

●●●

انسانیت کا منشور



خطبہ حجۃ الوداع

اللہ کی حمد اور تعریف کے بعد آپ نے فرمایا:

"اے لوگو! شاید اب میں تم سے نہ مل سکوں، اس لیے جو کچھ میں کہتا ہوں اسے غور سے سنو، دیکھو جس طرح تم اس دن، اس مہینے اور اس جگہ کی حرمت کرتے ہو اسی طرح ایک مسلمان کا خون، مال اور آبرو دوسرے مسلمان پر حرام ہے۔ اللہ تمہارے ہر ایک کام کا حساب لے گا۔ دیکھو میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگو۔

عورتوں کے ساتھ نرمی کرنا، جس طرح تمہارا عورتوں پر حق ہے اسی طرح عورتوں کا تم پر حق ہے۔

غلاموں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا، جو خود کھانا وہی ان کو کھلانا، جو خود پہننا وہی ان کو پہنانا۔ اگر ان سے کوئی غلطی ہو جائے تو معاف کر دینا۔" اس کے بعد آپ نے فرمایا:

"عرب کے لوگوں کو عجم (دوسرے ملک والوں) پر اور عجم کے لوگوں کو عرب پر کوئی بزرگی اور شرف نہیں، بلکہ سب مسلمان بھائی بھائی ہیں، تمہیں اپنے بھائی کی کوئی چیز اس وقت تک نہیں لینی چاہیے جب تک وہ خوشی سے تمہیں نہ دے۔"

قرآن پاک کے بارے میں آپ نے فرمایا: "اے مسلمانو! میں تمہیں وہ چیز دے رہا ہوں کہ اگر وہ تم میں رہی اور تم نے اس پر عمل کیا، تو کبھی اللہ کے سیدھے راستے سے بھٹکو گے نہیں۔ یاد رکھو! وہ چیز اللہ کی کتاب (قرآن پاک) ہے۔"

آپ نے ان تین باتوں کی نصیحت فرمائی: "(۱) جو کام کرو نیک نیتی اور خلوص سے کرو۔ (۲) اپنے مسلمان بھائی کی بھلائی چاہو۔ (۳) آپس میں پھوٹ نہ پڑنے دو۔ یہ تین باتیں ایسی ہیں جو تمہیں برائیوں سے بچائیں گی اور تمہارے سینے کو پاک صاف رکھیں گی۔"

اس کے بعد آپ نے تاکید فرمائی: "تم کو لازم ہے کہ میری باتیں ان لوگوں تک بھی پہنچا دو جو یہاں موجود نہیں ہیں۔"

آخر میں آپ نے فرمایا: "دیکھو! تم سے اللہ کے یہاں میری نسبت پوچھا جائے گا، بتاؤ کیا جواب دو گے؟"

تمام لوگوں نے یک زبان ہو کر کہا: "ہم گواہی دیں گے کہ اللہ کے رسول نے اللہ کا حکم ہم تک پہنچایا۔" اس وقت آپ نے آسمان کی طرف انگلی اٹھائی اور تین بار فرمایا: "اے اللہ! تو گواہ ہے۔"

*

جب آپ مسلمانوں کے ایک لاکھ سے زیادہ مجمع کو اللہ کا پیام سنا چکے اور نصیحت فرما چکے تو عین اس وقت یہ آیت اتری:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِىْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۝

آج میں نے تمہارے لیے دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمتیں پوری کر دیں اور تمہارے لیے دین اسلام کو پسند کیا۔